آڈٹ بیورو آف سرکولیشن (ABC) وزارت اطلاعات ونشریات سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

DAILY NAWA-E-AHMEDPUR SHARQIA

رجسٹرڈ نمبر 243

روزنامہ

نوائے احمد پور شرقیہ

بہاولپور

چیف ایڈیٹر
احسان احمد سحر

ایڈیٹر
محمد سلیمان فاروقی

منیجنگ ایڈیٹر
نجم النساء بخاری

ٹیلیفون نمبر 062-2508053
موبائل 0301-7740405

E-mail: nawaiahmedpur@gmail.com, daily.nawaiahmedpur@gmail.com

جلد نمبر 16 | جمعۃ المبارک یکم جولائی 2022ء قیمت فی شمارہ 10 روپے زرسالانہ 3 ہزار روپے | شمارہ نمبر 111

وزیراعلیٰ پنجاب کا انتخاب منحرف ارکان کے ووٹ نکال کر دوبارہ گنتی کا حکم

لاہور ہائیکورٹ نے وزیراعلیٰ پنجاب کے الیکشن کے خلاف تحریک انصاف کی درخواستیں منظور کر کے منحرف ارکان کے 25 ووٹ نکال کر دوبارہ گنتی کا حکم دے دیا

لارجر بنچ نے گذشتہ روز محفوظ کیا گیا فیصلہ چار، ایک کے تناسب سے سنایا، جسٹس شاہد محمود عیسیٰ نے فیصلے سے مشروط اختلاف کیا

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) لاہور ہائیکورٹ نے وزیراعلیٰ پنجاب کے الیکشن کے خلاف تحریک انصاف کی درخواستیں منظور کر کے منحرف ارکان کے 25 ووٹ نکال کر دوبارہ گنتی کا حکم دے دیا۔ بتایا گیا ہے کہ لاہور ہائیکورٹ نے وزیراعلیٰ پنجاب کے الیکشن کے خلاف درخواستیں منظور کر لیں، لارجر بنچ نے گذشتہ روز محفوظ کیا گیا فیصلہ چار، ایک کے تناسب سے سنایا۔ جسٹس شاہد محمود عیسیٰ نے فیصلے سے مشروط اختلاف کیا۔ جسٹس صداقت علی خان کی سربراہی میں لارجر بنچ میں جسٹس شہرام سرور چوہدری، جسٹس ساجد محمود عیسیٰ، جسٹس طارق سلیم شیخ اور جسٹس شاہد جمیل خان شامل تھے۔ لاہور ہائی کورٹ نے درخواستوں پر تحریری فیصلہ جاری کر دیا، عدالتی فیصلے کے مطابق وزیراعلیٰ

بقیہ نمبر 1 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

کراچی میں کورونا کی شرح 19 فیصد سے زائد ریکارڈ

کراچی (یواین پی) کراچی میں کورونا

بقیہ نمبر 3 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

عہدے آنی جانی چیز ہے اصل کام اللہ کی مخلوق کو راضی کرنا ہوتا ہے، حمزہ شہباز

سیاست برائے سیاست کا قائل نہیں، مخلوق خدا کی زندگیوں میں آسانیاں پیدا کرنا میری زندگی کا مقصد ہے، وزیراعلیٰ پنجاب

لاہور (نامہ نگار) وزیراعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز شریف نے کہا ہے کہ ہمیشہ کی طرح آج بھی عدلیہ کے فیصلے کا احترام کرتے ہیں اور اس فیصلے

بقیہ نمبر 2 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پی ٹی آئی اور ق لیگ کا لاہور ہائیکورٹ کے فیصلے کیخلاف سپریم کورٹ جانے کا اعلان

تحریک انصاف کے پانچ ارکان حج کے لیے گئے ہیں جبکہ چھ ارکان ضروری کام کے سلسلے میں بیرون ملک ہیں

تحریک انصاف کے پانچ ارکان کا ہائی کورٹ کے فیصلے کے باوجود الیکشن کمیشن نے نوٹی فکیشن جاری نہیں کیا جبکہ ہائی کورٹ کے فیصلے میں کئی آئینی اور قانونی ابہام موجود ہیں

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف اور مسلم لیگ (ق) نے لاہور ہائی کورٹ کے فیصلے کے خلاف سپریم کورٹ سے رجوع

بقیہ نمبر 5 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پرویز مشرف کی دبئی سے اسلام آباد منتقلی کی اطلاعات، قریبی ذرائع کا ردعمل آ گیا

پرویز مشرف تاحال دبئی میں، راولپنڈی کے اسپتال میں زیر علاج ہونے کی خبروں کی تردید کر دی

اسلام آباد (یواین پی) سابق صدر جنرل ریٹائرڈ پرویز مشرف کے قریبی ذرائع نے سابق صدر کی پاکستان منتقلی اور راولپنڈی کے اسپتال میں زیر علاج ہونے کی خبروں کی تردید کر دی۔ پرویز

بقیہ نمبر 6 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

حکومت نے ایک مرتبہ پھر پٹرولیم مصنوعات کی قیمت میں اضافہ کر دیا

حکومت نے ایک مرتبہ پھر پٹرول کی قیمت میں 14 روپے 85 پیسے کا اضافہ کر دیا

جس کے بعد اس کی نئی قیمت 248 روپے 74 پیسے لٹر ہو گئی ہے، پٹرول پر 10 روپے فی لٹر لیوی عائد کی گئی ہے

اسلام آباد، لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان مسلم لیگ ن کی مخلوط حکومت کی طرف سے مسلسل چوتھی مرتبہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ کر دیا گیا۔ حکومت نے ایک مرتبہ پھر پٹرول کی قیمت میں 14 روپے 85 پیسے کا اضافہ کر دیا جس کے بعد اس کی نئی قیمت 248 روپے 74 پیسے لٹر ہو گئی ہے۔ پٹرول پر 10 روپے فی لٹر لیوی عائد کی گئی ہے۔ ہائی سپیڈ ڈیزل کی قیمت

بقیہ نمبر 8 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

سندھ میں بارشوں کی پیشگوئی، سرکاری اسپتالوں میں ایمرجنسی نافذ

کراچی (یواین پی) سندھ بھر میں 2 جولائی سے گرج چمک کے ساتھ بارشوں کی پیشگوئی کے

بقیہ نمبر 10 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

کرغزستان کے سفیر تو تویوف اولن بیک کی مفتاح اسماعیل سے ملاقات

پاکستان دوست ممالک کیساتھ دوطرفہ تعلقات میں اضافہ کو بہت اہمیت دے رہا ہے، وزیر خزانہ

اسلام آباد (یواین پی) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات مفتاح اسماعیل نے کہا ہے کہ پاکستان دوست ممالک کے ساتھ دوطرفہ تعلقات میں اضافہ کو بہت اہمیت دے رہا ہے۔ انہوں نے یہ بات پاکستان میں جمہوریہ کرغزستان کے

بقیہ نمبر 9 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

فرح گوگی کے خلاف کرپشن کی تحقیقات شروع

تحقیقات کا آغاز شہریوں کی درخواست پر کیا گیا ہے، ذرائع

لاہور (یواین پی) محکمہ انسداد بدعنوانی پنجاب نے فرح گوگی کے خلاف کرپشن کی تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق اینٹی کرپشن پنجاب کی جانب سے گوجرانوالہ میں ہاؤسنگ سوسائٹی کی ڈیولپمنٹ کے حوالے سے تحقیقات کی جا رہی ہے۔ فرح گوگی کی کنسٹرکشن کمپنی خوشیہ بلڈرز نے گوجرانوالہ میں جی۔ مکولیا کے نام سے ہاؤسنگ سوسائٹی شروع کی، جس میں

بقیہ نمبر 4 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پارٹی کے ساتھ کوئی اختلاف نہیں، یہ محض پروپیگنڈہ ہے، شاہ محمود قریشی

اشارہ پی ٹی آئی کے ان رہنماؤں کی جانب تھا جو آج پارٹی چھوڑ کر ن لیگ کیساتھ کھڑے ہیں

اسلام آباد (یواین پی) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما شاہ محمود قریشی پارٹی کے ساتھ اختلافات کی خبروں پر بول اٹھے۔ انہوں نے کہا کہ میرا پارٹی کے ساتھ کوئی اختلاف نہیں، یہ محض پروپیگنڈہ ہے۔ سابق وزیر خارجہ نے وضاحت پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کا اشارہ پاکستان تحریک انصاف کے ان رہنماؤں کی جانب

بقیہ نمبر 11 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ملک میں بجلی کا شارٹ فال 7 ہزار میگاواٹ سے تجاوز کر گیا

شہری اور دیہی علاقوں میں لوڈ شیڈنگ کا دورانیہ 18 گھنٹے تک پہنچ گیا

اسلام آباد (یواین پی) ملک میں بجلی کا بحران سنگین ہو گیا، بجلی کا شارٹ فال 7 ہزار 674 میگاواٹ تک پہنچ گیا۔ ملک میں بجلی کی کل طلب 29 ہزار 900 میگاواٹ تک پہنچ گئی ہے جبکہ بجلی کی کل پیداوار 22 ہزار 226 میگاواٹ ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ شہری علاقوں

بقیہ نمبر 12 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

حکومت کا عمران خان حکومت کیخلاف تحقیقاتی کمیشن بنانے کا اعلان

حکومت نے توانائی بحران کی ذمہ داری عمران خان حکومت پر عائد کرتے ہوئے پیٹرولیم کے شعبے میں غلط فیصلوں پر تحقیقاتی کمیشن بنانے کا اعلان کر دیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) حکومت نے توانائی بحران کی ذمہ داری عمران خان حکومت پر

بقیہ نمبر 7 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

خیبر پختونخوا بس ریپڈ ٹرانزٹ سسٹم کے لیے ایک اور عالمی اعزاز

پشاور (یواین پی) معاون خصوصی برائے اطلاعات وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا بیرسٹر محمد علی سیف نے کہا ہے کہ بی آر ٹی سسٹم ایک اور عالمی ایوارڈ کے لیے نامزد ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ورلڈ

بقیہ نمبر 13 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

لاہور ہائیکورٹ کا فیصلہ سپریم کورٹ حکم امتناع دے، عمران خان

سپریم کورٹ سے استدعا ہے وزیراعلیٰ پنجاب کے انتخاب کے لیے لاہور ہائیکورٹ کے فیصلے کے خلاف حکم امتناع دے، پی ٹی آئی چیئرمین کے زیر صدارت پارٹی رہنماؤں کا اجلاس، جس میں عدالتی فیصلے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

ہم سب کو پتا تھا وزیراعلیٰ پنجاب کا الیکشن غیر آئینی تھا، حمزہ شریف کو اتنی دیر وزیراعلیٰ پنجاب رہنے کوئی حق نہیں تھا، لاہور ہائی کورٹ کے فیصلے میں وضاحت نہیں ہے، مجھے خوف ہے کہ اگر عدالتی فیصلے کی وضاحت نہ آئی تو پاکستان میں آئینی بحران مزید بڑھ جائے گا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے چیئرمین اور سابق وزیراعظم عمران خان نے کہا کہ سپریم کورٹ سے استدعا ہے وزیراعلیٰ پنجاب کے انتخاب کے لیے لاہور ہائیکورٹ کے فیصلے کے خلاف حکم امتناع دے۔ پی ٹی آئی چیئرمین کے زیر صدارت پارٹی رہنماؤں کا اجلاس ہوا، جس میں عدالتی فیصلے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس کے بعد پنجاب کے آئینی بحران پر عمران خان نے پالیسی بیان دیا۔ انہوں نے عدالتی فیصلے پر پاکستانیوں کو مبارک باد دیتے ہوئے کہا کہ ہم سب کو پتا تھا وزیراعلیٰ پنجاب کا الیکشن غیر آئینی تھا، حمزہ شریف کو اتنی دیر وزیراعلیٰ پنجاب رہنے کوئی حق نہیں تھا۔ لاہور ہائی کورٹ کے فیصلے میں وضاحت نہیں ہے، مجھے خوف ہے کہ اگر عدالتی فیصلے کی وضاحت نہ آئی تو پاکستان میں آئینی بحران مزید بڑھ جائے گا۔ عمران خان نے کہا کہ حمزہ شریف کس قانون کے تحت

بقیہ نمبر 14 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

چینی شہریوں کا تحفظ پہلی ترجیح، کراچی حملے کے ملزمان کٹہرے میں لائیں گے: وزیراعظم

وزیراعظم شہباز شریف سے کمیونسٹ پارٹی آف چائنہ کیڈر ائیر یکٹر خارجہ امور کمیشن نے ملاقات کی

اسلام آباد (یواین پی) وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا ہے کہ چین پاکستان کا قابل اعتماد دوست ہے، اس نے ہمیشہ ہماری حمایت کی، چینی شہریوں کا تحفظ اولین ترجیح ہے، کراچی حملے کے ملزمان کٹہرے میں لائیں گے۔ وزیراعظم سے کمیونسٹ پارٹی آف چائنہ کیڈر ائیر یکٹر خارجہ امور کمیشن نے ملاقات کی، اس موقع پر شہباز شریف نے سی پیک منصوبوں کی جلد تکمیل کے عزم کا اظہار کیا، ان کا کہنا تھا کہ چین کے تجربات سے بہت

بقیہ نمبر 15 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بہاولپور کی 275 ویں سالگرہ کی تقریبات کو منانے کیلئے تمام تر اقدامات بروئے کار لائے جائیں گے، کمشنر راجہ جہانگیر انور

جشن بہاول پور تقریبات کے موقع پر سٹی پریڈ، قومی مشاعرہ، سیمینارز اور سپورٹس ایونٹس کا انعقاد کیا جائے گا

کمشنر بہاول پور ڈویژن کی زیر صدارت تا جلاس میں جشن بہاول پور کی تقریبات کے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

کمشنر بہاولپور ڈویژن راجہ جہانگیر انور بہاولپور کی 275 ویں سالگرہ کو شایان شان انداز سے منانے کے حوالہ سے منعقدہ جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

بہاول پور (پ ر) کمشنر بہاول پور ڈویژن راجہ جہانگیر انور کی زیر صدارت بہاول پور کی 275 ویں سالگرہ کو شایان شان انداز سے منانے کے حوالہ سے بروئے کار لائے گئے انتظامات کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ کمشنر بہاول پور ڈویژن نے کہا کہ بہاول پور کی 275 ویں سالگرہ کی تقریبات کو خوبصورت انداز سے منانے کے لئے تمام تر اقدامات بروئے کار لائے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بہاول پور کی شاندار روایات اور ثقافتی اہمیت کو اجاگر کرنے کے لئے

بقیہ نمبر 16 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ڈپٹی کمشنر عرفان علی کاٹھیا: انسداد ڈینگی کیلئے تمام متعلقہ محکموں کے افسران و سٹاف اپنا کردار ادا کریں

ڈپٹی کمشنر کا ڈسٹرکٹ ایمرجنسی ریسپانس کمیٹی برائے انسداد ڈینگی کے حوالہ سے منعقدہ اجلاس سے اظہار خیال

امسال ضلع بھر میں 1886 ڈینگی کے مشتبہ کیسز رپورٹ ہوئے جن میں سے کوئی ڈینگی کا کنفرم کیس نہیں ہے

بہاول پور: ڈپٹی کمشنر عرفان علی کاٹھیا انسداد ڈینگی کے حوالہ سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

بہاول پور (پ ر) ڈپٹی کمشنر بہاول پور عرفان علی کاٹھیا نے کہا ہے کہ انسداد ڈینگی کے

بقیہ نمبر 18 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

لمپی سکن وائرس کا شکار جانوروں کو لوگ نہروں میں پھینکنے لگے

پانی آلودہ ہونے سے انسانوں اور جانوروں میں بیماریاں پھیلنے کا اندیشہ

چنی گوٹھ: لمپی سکن وائرس کا شکار ہو کر ہلاک ہونیوالے جانور کو نہر میں پھینک رکھا ہے۔

چنی گوٹھ (نامہ نگار) لمپی سکن وائرس کا شکار ہو کر ہلاک ہونے والے جانوروں کو لوگ

بقیہ نمبر 17 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

توشہ خانہ کی گھڑیاں فروخت کرنا سابق وزیراعظم عمران خان کا حق تھا، فواد چوہدری

اسلام آباد (یواین پی) رہنما تحریک انصاف فواد چوہدری نے سابق وزیراعظم عمران خان کی

بقیہ نمبر 25 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

احمد پور شرقیہ کا رہائشی نوجوان سعودی عرب میں کام کے دوران بلڈنگ سے گر کر جاں بحق ہو گیا

اسے نماز جنازہ کے بعد سعودی عرب میں سپرد خاک کر دیا گیا

احمد پور شرقیہ (نامہ نگار) احمد پور شرقیہ کا رہائشی نوجوان سعودی عرب میں کام کے دوران بلڈنگ سے گر کر جاں بحق ہو گیا۔ تفصیل کے مطابق احمد پور شرقیہ کے محلہ گا شالہ کا رہائشی نوجوان عدنان بھٹی، جو کہ مدینہ منورہ میں الیکٹریشن کا کام کرتا تھا۔ کام کے دوران بلڈنگ سے گر کر جاں بحق ہو گیا۔ اسے نماز جنازہ کے بعد سعودی عرب میں سپرد خاک کر دیا گیا۔

بلوچستان اسمبلی کا اجلاس غیر معینہ مدت تک ملتوی کر دیا گیا

بلوچستان اسمبلی کا اجلاس قائم مقام سپیکر سردار بابر موسیٰ خیل کی صدارت میں منعقد ہوا

کوئٹہ (یواین پی) قائم مقام سپیکر بابر موسیٰ خیل نے ارکان اسمبلی کے اعتراض کے بعد آج محکمہ صحت میں ہونے والے انٹرویوز روک دینے کی رولنگ دیتے ہوئے بجٹ کے گوشوارے ایوان کی میز پر رکھنے کے بعد اجلاس غیر معینہ مدت تک ملتوی کر دیا۔ بلوچستان اسمبلی کا اجلاس قائم مقام سپیکر سردار بابر موسیٰ خیل کی صدارت میں منعقد

بقیہ نمبر 19 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

فریضہ حج کی ادائیگی، 55 ہزار 700 غازمین مکہ پہنچ گئے

سرکاری سکیم کے تحت حج سے قبل فلائٹ آپریشن 3 جولائی کو مکمل کر لیا جائے گا

اسلام آباد / مکہ مکرمہ (یواین پی) فریضہ حج کی ادائیگی کے لئے سرکاری اور پرائیویٹ سکیموں کے مجموعی طور پر 55 ہزار 700 سے زائد عازمین حجاز مقدس پہنچ گئے ہیں۔ سرکاری سکیم کے تحت حج سے قبل فلائٹ آپریشن 3 جولائی کو مکمل کر لیا جائے گا۔ مکہ مکرمہ میں قائم میڈیا سیل کے مطابق سرکاری سکیم کے 33 ہزار 250 اور

بقیہ نمبر 21 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پریڈ گراونڈ احتجاجی جلسہ کی اجازت کا معاملہ، انتظامیہ سے جواب طلب

اسلام آباد ہائیکورٹ نے ڈپٹی کمشنر اسلام آباد سمیت دیگر حکام کو طلب آج کر لیا

اسلام آباد (یواین پی) پی ٹی آئی کے 2 جولائی پریڈ گراونڈ احتجاجی جلسے کی اجازت کا معاملہ، اسلام آباد ہائیکورٹ نے اسلام آباد انتظامیہ سے جواب طلب کر لیا۔ جمعرات کو ہونے والی سماعت میں اسلام آباد ہائی کورٹ کے جج جسٹس عامر فاروق نے ڈپٹی کمشنر اسلام آباد سمیت دیگر متعلقہ حکام کو جمعہ کی صبح ساڑھے نو بجے طلب

بقیہ نمبر 22 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ڈپٹی کمشنر کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایمرجنسی بورڈ ڈسٹرکٹ مینجمنٹ اتھارٹی کا اجلاس

عیدالاضحیٰ کے حوالے سے ڈیزاسٹر مینجمنٹ پلان اور سپیشل سیکیورٹی اینڈ سیفٹی انتظامات کا جائزہ لیا گیا

بہاول پور (پ ر) ڈپٹی کمشنر عرفان علی کاٹھیا کی زیر صدارت دفتر کے کمیٹی روم میں ڈسٹرکٹ ایمرجنسی بورڈ ڈسٹرکٹ مینجمنٹ اتھارٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں عید الاضحیٰ کے حوالے سے ڈیزاسٹر مینجمنٹ پلان اور سپیشل سیکیورٹی

بقیہ نمبر 23 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

45 سالہ شخص نے خود پر پٹرول چھڑک کر آگ لگا لی

بعد ازاں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے ہسپتال میں دم توڑ گیا

احمد پور شرقیہ (نامہ نگار) پینتالیس سالہ شخص نے خود پر پٹرول چھڑک کر آگ لگا لی۔ بعد ازاں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے ہسپتال میں دم توڑ گیا۔ تفصیل کے مطابق بیرون غلہ منڈی کے رہائشی پینتالیس سالہ شخص محمد اصغر نے خود پر پٹرول چھڑک کر خود کو آگ لگا لی۔ وقوعہ کا پتہ چلتے ہی ریسکیو ٹیم موقع پر پہنچی اور شدید زخمی محمد اصغر کو سول ہسپتال پہنچایا۔ جہاں سے اسے بہاول وکٹوریہ

بقیہ نمبر 30 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

عوام کے علاج معالجہ کیلئے رورل ڈسپنسری کی عمارت کی چار دیواری ندارد

بجلی اور پانی سمیت دیگر بنیادی اہم سہولیات سے محروم، واش روم تک موجود نہیں

اوچ شریف: نواحی علاقے ترنڈ بشارت میں متعدد مواضعات کے عوام کو صحت کی سہولیات فراہم کرنے والی ڈسپنسری کی حالت زار

اوچ شریف (نامہ نگار) اوچ شریف کے نواحی علاقے میں متعدد مواضعات کے عوام کے

بقیہ نمبر 20 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

چترال کے برساتی نالے میں شدید طغیانی سے دو پل تباہ

چترال (یواین پی) گلیشیئر پھٹنے سے برساتی نالے میں شدید طغیانی کے سبب دو پل تباہ ہو گئے۔ چترال میں موسمیاتی تبدیلیوں کی وجہ سے

بقیہ نمبر 24 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پشاور سے کراچی جانیوالی ٹرین کو حادثہ، کوئی جانی نقصان نہیں ہوا

خان پور (یواین پی) پشاور سے کراچی جانے والی عوامی ایکسپریس کی تین بوگیاں پٹڑی سے اتر گئیں جس کے باعث ڈاون ٹریک آمدورفت کے لیے معطل ہو گیا۔ حادثہ ٹنی پھاٹک کے قریب پیش آیا، تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا

بقیہ نمبر 26 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

کم لاگت کی شاہرات کے منصوبوں کو فوقیت پر مکمل کیا جائے

سیکرٹری کمیونیکیشن اینڈ ورکس جنوبی پنجاب محمد الطاف بلوچ کی متعلقہ افسران کو ہدایت

بہاول پور (پ ر) سیکرٹری کمیونیکیشن اینڈ ورکس جنوبی پنجاب محمد الطاف بلوچ کی زیر صدارت پنجاب ہائی ویز کے جاری ترقیاتی منصوبہ

بقیہ نمبر 27 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

سوات میوزیم کا شمار خیبر پختونخواہ کے اہم میوزیمز میں ہوتا ہے

ڈائریکٹر بہاولپور میوزیم

اس میوزیم میں موجود آثار قدیمہ کے نمونے تہذیبوں کے عروج و زوال کا پتہ دیتے ہیں، محمد زبیر ربانی

سوات، کیوریٹر سوات میوزیم محمد فیاض الرحمٰن ڈائریکٹر بہاول پور میوزیم محمد زبیر ربانی کو سوات میوزیم بارے بریفنگ دے رہے ہیں۔

بہاول پور (پ ر) سوات میوزیم کا شمار خیبر پختونخواہ کے اہم میوزیمز میں ہوتا ہے۔ اس میوزیم میں موجود آثار قدیمہ کے نمونے تہذیبوں کے عروج و زوال کا پتہ دیتے ہیں۔ یہاں کے نوادرات اس خطہ کی تاریخی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہیں جبکہ میوزیم کی ثقافتی گیلری یہاں کی روایات

بقیہ نمبر 28 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

حاملہ خواتین اور بچوں کو منکی پوکس سے خطرہ ہے، ڈبلیو ایچ او کا انتباہ

نیویارک (یواین پی) عالمی ادارہ صحت (ڈبلیو ایچ او) نے خبردار کیا ہے کہ منکی پوکس وائرس بچوں اور حاملہ خواتین کے لیے خطرہ بن سکتا ہے۔ اس ادارے نے صحت عامہ کے اہلکاروں پر زور دیا ہے کہ وہ اس وائرس کو ان کمزور گروپوں تک پہنچنے

بقیہ نمبر 29 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ایفا سکول سسٹم

پنجاب گروپ آف کالجز کا تعلیمی منصوبہ

نرسری تا نہم

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

نزد پنجاب کالج قینچی موڑ احمد پور

اب نئی انتظامیہ کے ساتھ

نرسری تا پنجم

دی ایجوکیٹرز

بیکن ہاؤس سسٹم کا پراجیکٹ

عثمان کیمپس

نزد مسجد العزیز حمزہ ٹاؤن احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

پبلک ہائیر سیکنڈری

بوائز اینڈ گرلز

احمد پور سکول

نرسری تا میٹرک

6 کنال رقبہ پر مشتمل سکول کیمپس

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

بی ایڈ، ایل ایل بی، ایم اے 0300-8688787

القادریہ پبلک سکول (رجسٹرڈ)

(PEF-EVS) پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن

احمد پور شرقیہ کا قدیم سکول 1995ء سے قائم شدہ

Ph.0300-8155716

تحصیل کا پہلا واؤچر سکول جس میں داخلے پر (آپ کے بچے کی مکمل تعلیمی فیس گورنمنٹ ادا کریگی)

(PEF) اپنی واؤچر سکیم کے تحت نرسری سے ایف۔اے تک مفت تعلیم، مفت کتابوں کی سہولیات فراہم کرتا ہے

- خوبصورت بلڈنگ
- صاف ستھرا ماحول
- ہر بچے پر خصوصی توجہ
- بچوں کے جھولے
- دینی تعلیم، قرآن مجید، تفسیر، حدیث کی تعلیم
- لائبریری
- کمپیوٹر لیب

مفت تعلیم	مفت کتابیں	اعلیٰ تعلیم یافتہ اساتذہ

القادریہ پبلک سکول نزد حکیم حسنین کلینک ریلوے روڈ احمد پور شرقیہ

حکیم محمد حسنین چوہان

ماہر امراض معدہ

ماہر امراض مخصوصہ

احمد پور شرقیہ کے سینئر کوالیفائیڈ حکیم

فارغ التحصیل گورنمنٹ کالج بہاولپور

فارغ التحصیل انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد

ماہر نباض، نبض دکھائیں، مرض حکیم صاحب خود بتاتے ہیں

امراض معدہ، معدہ آنتوں میں زخم، السر، ورم، معدہ آنتوں کی سوزش، قبض، پیچس، جوڑوں کا درد، شوگر کا یقینی خاتمہ، گردے مثانے کی پتھری بذریعہ دوائی اخراج، سستی، نامردی، جریان، احتلام، بانجھ پن، اولاد کا یقینی ہونا، الرجی، دمہ، ٹائیفائیڈ بخار اور ہر قسم کے مرض کے علاج کیلئے تشریف لائیں

ایڈریس: حسنین کلینک ریلوے روڈ احمد پور شرقیہ 0300-8155716

پنجاب کالج احمد پور شرقیہ

F.SC	F.A	I.C.S	I.COM

(PEF-EVS) پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن

قینچی موڑ ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

آپ کے معیار کے مطابق ہر قسم کی بہترین ورائٹی

نیو نشاط

ایک دام

کلاتھ ہاؤس

ڈیلر، گل احمد، الکرم، ڈینسٹی، فردوس کی تمام ورائٹی دستیاب ہے۔

تحصیل بازار احمد پور شرقیہ

پروجیکٹ آف میاں خالد اینڈ سنز

میاں محمد عمر

0331-7567242

ہر موسم کی تمام معیاری کمپنیوں کی گارمنٹس ورائٹی

بابا، بے بی، لیڈیز اینڈ جینٹس،

آپ کے ذوق کے عین مطابق دستیاب ہے

نشاط آؤٹ فٹ

ڈیلر، آکسفورڈ، بونیزہ

ایک دام

جنگو پلازہ

ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

پراجیکٹ آف میاں خالد اینڈ سنز

میاں حمزہ خالد

0300-4655291

ورائٹی اور معیار ہماری پہچان

نشاط فیبرکس

ایک دام

ڈیلر، گل احمد، الکرم، ڈینسٹی، فردوس کی تمام ورائٹی دستیاب ہے۔

بالمقابل رسول پلازہ ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

پروجیکٹ آف میاں خالد اینڈ سنز

حافظ محمد بلال

0332-6263802

منفرد اور زندہ تحریروں کا شاہکار

روزنامہ

نوائے احمد پور شرقیہ

بہاول پور

تازہ ترین خبروں اور بے لاگ تبصروں کے ساتھ ہر روز آپ کی خدمت میں مقامی، ملکی اور بین الاقوامی مسائل پر جاندار تبصروں ہلکے پھلکے طنز و مزاح، باتصویر، فیچروں منہ بولتے واقعات چیختی چلاتی کہانیوں، منظومات، غزلیات، معیاری مضامین

اور چونکا دینے والا نت نئے انکشافات کیلئے

ہر شمارہ ..... دلچسپ شمار

نوائے احمد پور شرقیہ پڑھیے

نوائے احمد پور شرقیہ آپ کا اپنا اخبار ہے، پرچہ اپنے ہاکر سے طلب کیجئے

دفتر:

روزنامہ نوائے احمد پور شرقیہ، 246C سیٹلائٹ ٹاؤن بلاک Z احمد پور شرقیہ

0301-7740405

فروغ تعلیم میں حکمرانوں کا کردار

رپورٹ: آصف محمود چودھری

تعلیم کسی بھی معاشرہ کی ترقی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے۔ قیام پاکستان سے لیکر آج تک شرح خواندگی میں اضافہ، تعلیمی ترقی کیلئے جو بھی حکومت آئی تعلیم پر نت نئے تجربات ہی کرتی چلی گئی ۔ ہر حکومت نے ایک نیا تعلیمی منصوبہ دیا اربوں روپے خرچ ہوئے کچھ عرصہ تک چلا پھر ناکام ہو کر بند ہو گیا کبھی نئی روشنی سکول کھولے گئے تو کبھی تعلیم بالغاں کے نام پر کثیر رقم خرچ کی گئی کبھی انصاف آفٹر نون سکولوں کے نوم پر قوم کے ٹیکسوں کا پیسہ ضائع ہوا اس طرح اس منصوبہ کے انفراسٹرکچر پر ہونیوالا کثیر زرمبادلہ بھی برباد ہو گیا۔ مگر تعلیم کا معیار بلند نہ ہو سکا۔ سابق وزیراعلی پنجاب غلام حیدر وائیں مرحوم نے پرائیویٹ سکولوں کی مالی معاونت کے لئے پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن قائم کی جسے سابق وزیر اعلی چوہدری پرویز الٰہی نے جنرل پرویز مشرف کے دور حکومت میں پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کے تحت صوبہ بھر کے دور دراز پسماندہ ترین علاقوں میں مفت اور معیاری تعلیم فراہم کرنے کے لیے ازسرنو ڈیزائن کیا۔ پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن جان ڈالی اور میدان عمل میں لاکھڑا کیا انکے دور حکومت ختم ہونے کے بعد سابق وزیر اعلی میاں شہباز شریف نے اس پراجیکٹ میں مزید اصلاحات کر کے اسے بین الاقوامی معیار کا تعلیمی منصوبہ بنا دیا حکومتیں تبدیل ہوتی گئیں لیکن یہ منصوبہ اپنے وژن کے مطابق پھلتا پھلتا رہا یہ اور حکومت کی سرپرستی اس منصوبہ نے بھرپور ترقی کی پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن بین الاقوامی معیار کا واحد کامیاب ادارہ ثابت ہوا جس میں انتہائی کم اخراجات پر بہترین نتائج ملے پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن نے پرائیویٹ پبلک سکول پارٹنر شپ پراجیکٹ کے تحت شہروں اور خصوصا دیہی علاقوں میں نجی سکول مالکان کیساتھ فاس پروگرام۔ (F A S) نیو سکول پروگرام۔ (NSP) اور دواوچ سکول پروگرام (EVS) کے تحت پارٹنر شپ کے FAS پروگرام کے تحت شہری اور دیہی علاقوں میں اچھی کارکردگی کے حامل سکولوں سے معاہدے کیے ان کے طلباوطالبات کے ٹیسٹ لینے کے بعد انہیں منصوبہ میں شامل کیا جبکہ ایس وی ایس پروگرام ایسے علاقوں میں شروع کیے گئے جہاں معیار تعلیم بہت کم اور تعلیمی سہولیات نہ ہونے کے برابر تھیں ایسے علاقوں میں پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے نمائندوں نے گھر گھر جا کر سروے کیا اور بچوں کو دو چوز تقسیم کیے اور ان دو چوزں کی مدد سے پیف سے ای وی ایس پراجیکٹ کے تحت الحاق سکولوں میں داخلہ دے کر انہیں تعلیمی سہولیات فراہم کیں اس طرح این ایس پی پروگرام ایسا منصوبہ تھا جہاں آبادی کے اردگرد ایک کلومیٹر کے فاصلے پر کوئی سرکاری پیف سے الحاق شدہ کوئی تعلیمی ادارہ نہ تھا اس علاقہ میں پیف نے این ایس پی سکول قائم کر کے لوگوں کو ان کے گھروں کے قریب تعلیمی سہولت فراہم کیں۔ پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن کو یہ اعزاز بھی حاصل رہا کہ چولستان میں جہاں زندگی انتہائی کٹھن ہے وہاں پر موبائل سکول قائم کر کے چولستانیوں کے بچوں کو بہترین تعلیمی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں اگر سرکاری تعلیمی اداروں اور پیف سکولوں کا موازنہ کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ پنجاب کے سرکاری سکولوں میں اسوقت 11616696 بچے زیر تعلیم ہیں اور ان کیلئے سالانہ 421ارب 6 کروڑ روپے بجٹ مختص کیا گیا ہے سرکاری تعلیمی اداروں میں زیر تعلیم بچوں پر فی طالب علم سالانہ 36246 روپے جبکہ ماہانہ 3020 روپے خرچ آتا ہے اس کے مقابلے میں پیف پارٹنر سکولوں کیلئے پنجاب میں 21ارب 50 کروڑ روپے کا بجٹ منظور ہوا ہے جو گزشتہ برس کی نسبت دو ارب روپے زیادہ ہے۔ پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے سکولوں میں بچوں کی تعداد 2751141 تھی جواب تجاوز کر کے 30 لاکھ تک پہنچنے کو ہے۔ پیف پارٹنر سکولوں میں زیر تعلیم بچوں پر سالانہ فی بچہ خرچ 7815 روپے جبکہ ماہانہ 651 روپے بنتے ہیں اس کے مقابلے میں اگر تعلیمی معیار کا جائزہ لیا جائے تو سرکاری تعلیمی اداروں سے پیف پارٹنر سکولوں کا معیار تعلیم کہیں بہتر ہے .اور تعلیمی بورڈز میں پوزیشن ہولڈر اکثریت پیف پارٹنرز سکولوں کی ہوتی ہے جبکہ بجٹ کا تناسب پیف سکولوں سے سرکاری سکولوں کا بجٹ 20 گنا زیادہ ہے۔ پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے منیجنگ ڈائریکٹر اسد نعیم نے اپنے عہدے کا چارج سنبھالتے ہی پیف پارٹنر سکولوں کی بہتری ترقی اور معیار تعلیم کو مزید بہتر بنانے کیلئے قابل ستائش اقدامات کیے ہیں۔ غریب اور متوسط طبقہ کے بچوں کیلئے مفت تعلیمی سہولیات کی فراہمی کیلئے اقدامات یقیناً پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن کا عظیم کارنامہ ہے۔ ایم ڈی پیف اسد نعیم اور انکی ٹیم جن میں ڈپٹی منیجنگ ڈائریکٹرز بیدالحسن، ڈائریکٹر FAS ڈاکٹر اختیار ربانی کی کاوشوں سے زیادہ سے زیادہ انٹرولمنٹ کرنے اور غریب بچوں کو زیور تعلیم سے آراستہ کرنے کیلئے کلاس رومز میں طلباوطالبات کی تعداد 35 سے بڑھا کر 40 کر دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ پیف پارٹنر سکولز کی ماہانہ فیس سندھ ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے برابر لانے کیلئے اقدامات کیے جارہے ہیں بچوں کے داخلہ جات کی تاریخ میں توسیع نرسری اور پریپ کلاسز کے داخلوں کو لامحدود کرنے کا فیصلہ کیا ہے اسی طرح کلاس نہم، دہم کے کیوائے ٹی ٹیسٹ تعلیمی بورڈز پیٹرن پر تیار کرنے سیکنڈری سکولز کو اپ گریڈ کر کے ہائیر سیکنڈری کلاسز کے اجرا کیلئے بھی اقدامات کیے جارہے ہے۔ کوالٹی اشورنس ٹیسٹ (QAT) میں اچھی کارکردگی کے حامل سکولوں اور انکے اساتذہ کو 50- 50 ہزار روپے اعزازیہ دیا جاتا تھا جو 2016 میں بند کر دیا گیا تھا اب دوبارہ 50 ہزار روپے سکول مالکان اور 50 ہزار روپے اساتذہ کو اعزازیہ دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اسکے علاوہ پنجاب بھر میں نمایاں پوزیشن کے حامل سکولوں کی درجہ بندی کر کے انکو ماڈل سکول بنائے جارہے ہیں جو سکول اے پلس درجہ پا کر ماڈل سکول قرار پائیں گے ان سکول مالکان اور اساتذہ کیلئے تین لاکھ روپے انعام بھی مقرر کیا گیا ہے تا کہ تعلیم کا معیار بین الاقوامی معیار کے برابر لایا جا سکے۔ پیف پارٹنر سکولوں میں معیار تعلیم قائم کرنے کیلئے قائم مانیٹرنگ سسٹم کے تحت مزید MEO,s 80 بھرتی کیے جارہے ہیں تا کہ مانیٹرنگ کا نظام کو مزید بہتر بنا کر کوالٹی ایجوکیشن کو فروغ دیا جا سکے ۔ اس کے علاوہ ڈسٹرکٹ کوآرڈی نیشن مینٹنگز بحال کرنے کا بھی فیصلہ کیا گیا ہے۔ ایم ڈی پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن اسد نعیم نے تعلیم دوست پالیسی میں اصلاحات لا کر معیار تعلیم مزید بہتر کرنے کیلئے جو اقدامات کیے گئے ہیں وہ قابل تحسین ہیں۔ پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن وہ واحد ادارہ ہے جسے عالمی سطح پر کوالٹی ایجوکیشن ایوارڈ سے نوازا گیا ہے یہ معیاری تعلیم فراہم کرنے کا سب سے سستا ترین ذریعہ ہے جسے مزید فروغ دے کر خاطر خواہ نتائج حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ اگر حکومت پنجاب فروغ تعلیم کے لئے پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن کی سرپرستی کرے اور مہنگائی کے تناسب سے بجٹ میں مزید اضافہ کر کے پیف سکولوں میں زیر تعلیم بچوں کی فیسوں میں سندھ ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے برابر اضافہ کرے تو پنجاب میں تعلیمی انقلاب آ سکتا ہے مینجنگ ڈائریکٹر اسد نعیم کی کاوشوں سے چولستان میں مزید موبائل سکول قائم کیئے جارہے ہیں جبکہ باضابطہ اعلان بھی ہو چکا ہے قابل ستائش عمل ہے اس سے چولستان کے بچوں کو تعلیم حاصل کرنے کے مواقع پیدا ہوں گے۔ اگر مہنگائی کے تناسب سے پیف سکولوں میں زیر تعلیم بچوں کی فیسوں میں اضافہ نہ ہوا تو اتنی مہنگائی کے عالم میں پیف پارٹنر سکول مالکان بھی مشکلات کا شکار ہو جائینگے پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے مینجنگ ڈائریکٹر اسد نعیم نے اپنے عہدے کا چارج سنبھالتے ہی پیف پارٹنر سکولوں کی بہتری ترقی اور معیار تعلیم کو مزید بہتر بنانے کیلئے قابل ستائش اقدامات کیے ہیں۔ غریب اور متوسط طبقہ کے بچوں کیلئے مفت تعلیمی سہولیات کی فراہمی کیلئے اقدامات یقیناً پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن کا عظیم کارنامہ ہے۔ ایم ڈی پیف اسد نعیم اور انکی ٹیم جن میں ڈپٹی منیجنگ ڈائریکٹرز بیدالحسن، ڈائریکٹر FAS ڈاکٹر اختیار ربانی کی کاوشوں سے زیادہ سے زیادہ انٹرولمنٹ کرنے اور غریب بچوں کو زیور تعلیم سے آراستہ کرنے کیلئے کلاس رومز میں طلباوطالبات کی تعداد 35 سے بڑھا کر 40 کر دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ پیف پارٹنر سکولز کی ماہانہ فیس سندھ ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے برابر لانے کیلئے اقدامات کیے جارہے ہیں بچوں کے داخلہ جات کی تاریخ میں توسیع نرسری اور پریپ کلاسز کے داخلوں کو لامحدود کرنے کا فیصلہ کیا ہے اسی طرح کلاس نہم، دہم کے کیوائے ٹی ٹیسٹ تعلیمی بورڈز پیٹرن پر تیار کرنے سیکنڈری سکولز کو اپ گریڈ کر کے ہائیر سیکنڈری کلاسز کے اجرا کیلئے بھی اقدامات کیے جارہے ہے۔ کوالٹی اشورنس ٹیسٹ (QAT) میں اچھی کارکردگی کے حامل سکولوں اور انکے اساتذہ کو 50- 50 ہزار روپے اعزازیہ دیا جاتا تھا جو 2016 میں بند کر دیا گیا تھا اب دوبارہ 50 ہزار روپے سکول مالکان اور 50 ہزار روپے اساتذہ کو اعزازیہ دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اسکے علاوہ پنجاب بھر میں نمایاں پوزیشن کے حامل سکولوں کی درجہ بندی کر کے انکو ماڈل سکول بنائے جارہے ہیں جو سکول اے پلس درجہ پا کر ماڈل سکول قرار پائیں گے ان سکول

01 نومبر

الیکشن کے لیے مطلوبہ نمبر حاصل نہ ہونے کی صورت میں دوبارہ انتخاب کروایا جائے۔ عدالت نے کل 4 بجے پنجاب اسمبلی کا اجلاس طلب کرنے کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ دوبارہ گنتی کا عمل آئین اور قانون کے مطابق کیا جائے، منحرف اراکین کے ووٹ نکال کر حمزہ شہباز کی اکثریت نہیں رہتی تو وہ وزیراعلی نہیں رہیں گے، عدالت کے احکامات تمام اداروں پر لاگو ہوں گے۔ فیصلے میں کہا گیا کہ پنجاب اسمبلی کا اجلاس اس وقت تک ختم نہیں کیا جائے گا جب تک نتائج جاری نہیں کیے جاتے، صوبے کا گورنر اپنے فرائض آئین کے مطابق ادا کرے گا جبکہ پنجاب اسمبلی کے نتائج آنے کے بعد گورنر دوسرے دن 11 بجے وزیراعلی کا حلف لیں گے۔ عدالت پنجاب اسمبلی کے مختلف سیشنز کے دوران بدنظمی کو نظر انداز نہیں کر سکتی اور اگر کسی بھی فریق کی طرف سے بدنظمی کی گئی تو توہین عدالت تصور ہوگی۔ عدالت نے کہا کہ درخواست گزاروں کی پٹیشن دوبارہ گنتی کی حد تک منظور کی جاتی ہیں اور پٹیشنر میں باقی کی گئی استدعا رد کی جاتی ہیں۔ اسپیکر کی جانب سے وزیراعلی کی حلف برداری سے متعلق ایبلیں نمٹائی جاتی ہیں اور تفصیلی فیصلہ بعد میں جاری کیا جائے گا۔ عدالتی فیصلے کے مطابق کیس کی سماعت کی رپورٹنگ پر میڈیا کے کردار کو سراہتے ہیں تاہم چندروی لاگرز نے عدالتی کارروائی کو متنازعہ بنانے کی کوشش کی۔ ایف آئی اے اور چیئرمین ایسے وی لاگرز کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کریں۔ اگر کوئی بھی درخواست دے گا تو کارروائی کے بعد ایسے وی لاگرز کے خلاف توہین عدالت کی کارروائی ہوگی۔ جسٹس ساجد سیٹھی نے اختلافی نوٹ لکھا کہ وزیراعلی پنجاب کے انتخاب کے لیے ووٹوں کی دوبارہ گنتی کی ضرورت نہیں، ڈپٹی اسپیکر کو وزیراعلی کا انتخاب دوبارہ کرانا چاہیے۔ سپیکر پنجاب اسمبلی چودھری پرویز الٰہی نے قانونی ٹیم سے مشاورت کی ہے جس کے بعد فیصلہ کیا گیا کہ لاہور ہائی کورٹ کے فیصلے کے خلاف سپریم کورٹ سے رجوع کیا جائے گا۔ سپیکر پنجاب اسمبلی چودھری پرویز الٰہی نے قانونی ٹیم سے مشاورت کر لی۔ مشاورت میں علی ظفر ایڈووکیٹ ،مونس الٰہی، راجہ بشارت، صمصام بخاری، غضنفر عباس چھیہ، حسین جہانیاں گردیزی، حافظ عمار یاسر اور دیگر وکلا شریک تھے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ لاہور ہائی کورٹ کے فیصلے کے خلاف اپیل میں جانے کا بھی کہہ رہے ہیں، عدالتی فیصلے نے تعداد واضح کر دی ہے کہ اب کوئی رکن ٹوٹ کر دوسری پارٹی میں نہیں جاسکتا، کاغذات میں جو تعداد درج ہے اسی پر کل انتخاب ہوگا اور اس میں ہمیں نو ووٹ کی واضح برتری حاصل ہے۔

02 نومبر

سے پنجاب میں 3 ماہ سے جاری آئینی بحران کا ہمیشہ کے لئے خاتمہ ہوگا اور امید ہے کہ اس فیصلے کے اثرات صوبے کے عوام کے لئے خیر کا باعث بنیں گے - آج ماڈل ٹاؤن میں اراکین پنجاب اسمبلی سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلی پنجاب حمزہ شہباز شریف نے کہا کہ عہدے آنی جانی چیز ہے، اصل کام اللہ کی مخلوق کو راضی کرنا ہوتا ہے۔ سیاست برائے سیاست کا قائل نہیں بلکہ سیاست کو خدمت کا درجہ دیتا ہوں۔ مخلوق خدا کی زندگیوں میں آسانیاں پیدا کرنا میری زندگی کا مقصد اور دکھی انسانیت کی تکالیف کا مداوا میری سیاست ہے - وزیراعلی پنجاب حمزہ شہباز شریف نے کہا کہ اگر وہ پاکستان آنا چاہیں تو حکومت انہیں سہولت فراہم کرے گی۔ چند روز قبل وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ کا کہنا تھا کہ سابق صدر جنرل (ر) پرویز مشرف کو وطن واپس لانے کے لیے سہولت فراہم کرنا چاہتے ہیں، مشرف کو سزا ہوئی تھی، وہ واپس آئیں اور عدالت ان کے معاملے کو دیکھے۔ اس سے قبل پرویز مشرف کے آفیشل ٹوئٹر اکاؤنٹ پر ان کے ایلچنانہ کی جانب سے ایک پیغام جاری کیا گیا تھا، جس میں انہوں نے سابق صدر کی وطن واپسی سے متعلق سرکاری سطح پر رابطہ کرنے کی تصدیق کی تھی۔ ایلچنانہ کا کہنا تھا کہ پرویز مشرف کی وطن واپسی سے متعلق سرکاری اور غیر سرکاری ذرائع کی طرف سے رابطہ کیا گیا ہے، ہم اس کوشش پر تہہ دل سے شکر گزار ہیں۔ یاد رہے کہ گزشتہ دنوں سابق صدر پرویز مشرف کی وطن واپسی سے متعلق سینیٹ میں بھی بحث کی گئی، جس میں جماعت اسلامی اور تحریک انصاف نے مشرف کو قانون کے مطابق سزا دینے جبکہ جے یو آئی، پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ ن نے وطن واپسی کی حمایت کی تھی۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے سینیٹر، سابق وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی کا کہنا تھا کہ جب پرویز مشرف یہاں تھے تو میں نے کہہ دیا تھا میں نے مشرف کو معاف کر دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ پرویز مشرف آنا چاہتے ہیں تو یہ ان کا پاکستان اور گھر ہے، ان کے ملک واپس آنے پر ہمیں کوئی اعتراض نہیں۔

07 نومبر

عائد کرتے ہوئے پیٹرولیم کے شعبے میں غلط فیصلوں پر تحقیقاتی کمیشن بنانے کا اعلان کر دیا۔ وفاقی وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب نے وفاقی وزرا احسن اقبال اور شاہد خاقان عباسی کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ عمران خان نے تمام اداروں کو استعمال کر کے مخالفین پر جھوٹے مقدمات بنائے جو بعد میں جھوٹے ثابت ہوئے۔ عدالتوں نے اپنے فیصلوں میں تحریر کیا کہ یہ تمام مقدمات بے بنیاد الزامات پر مبنی تھے۔ وزیر اطلاعات کا کہنا تھا کہ نیشنل کرائم ایجنسی نے بھی عمران خان کے مقدمات کو جھوٹا قرار دیا، ایسٹ ریکوری یونٹ اصل میں عمران خان کا ایسٹ میکنگ یونٹ تھا۔ عمران خان نے سپریم کورٹ میں وزیراعظم شہباز شریف کی ضمانت کے خلاف اپنی اپیل واپس لی جس کا مطلب ہے کہ وزیراعظم کے خلاف جھوٹا مقدمہ بنایا گیا۔ انہوں نے کہا کہ نیوٹرل کو مداخلت کرنے کی دعوت دینے پر آرٹیکل۔ 6 لگتا ہے، قومی اسمبلی سے لے کر پنجاب اسمبلی تک عمران خان نے آئین شکنی کرائی۔ میڈیا نے لاہور ہائیکورٹ کے فیصلے کی غلط تشریح پر مبنی رپورٹنگ کی، لاہور ہائیکورٹ کے فیصلے کے مطابق وزیراعلی پنجاب حمزہ شہباز کو عہدے سے نہیں ہٹایا گیا، پی ٹی آئی والے فیصلہ پڑھے بغیر دھمال ڈالتے ہیں۔ شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ عمران خان اور اس کی کابینہ کے غلط فیصلوں سے ملک کو اربوں روپے کا نقصان ہوا، عمران حکومت کے پٹرولیم کے شعبے میں غلط فیصلوں کی تحقیقات کیلئے کمیشن بنایا جائے گا، تو انائی بحران کی حقیقت سامنے لانے کیلئے رپورٹ کو عوام کے سامنے رکھا جائے گا تا کہ حقیقت سامنے آسکے۔ اس موقع پر احسن اقبال کا کہنا تھا کہ نومبر دسمبر 2021 میں توانائی کے بحران کی نشاندہی کر دی گئی تھی، لوڈ شیڈنگ سے عوام اور صنعتیں متاثر ہو رہی ہیں، ملکی معیشت کو بحال کرنے کے لیے مسلسل محنت کر رہے ہیں، تحقیقاتی کمیشن عمران دور کے ملک کو دیوالیہ کرنے کے اقدامات سامنے لائیگا۔

08 نومبر

13 روپے 23 پیسے اضافہ کیا گیا ہے جس کے بعد اس کی نئی قیمت 276 روپے 54 پیسے ہوگئی۔ ہائی سپیڈ ڈیزل پر 5 روپے فی لٹر لیوی عائد کی گئی ہے۔ لائٹ ڈیزل کی قیمت میں 18 روپے 68 پیسے فی لٹر کا اضافہ کیا گیا اور نئی قیمت 226 روپے 15 پیسے ہوگئی ہے۔ لائٹ ڈیزل پر 5 روپے فی لٹر لیوی عائد کی گئی ہے۔ مٹی کے تیل کی قیمت میں 18 روپے 83 پیسے فی لٹر اضافہ کیا گیا جس کے بعد نئی قیمت 230 روپے 26 پیسے ہوگئی ہے۔ مٹی کے تیل پر 5 فی لٹر لیوی عائد کی گئی ہے۔ وزارت خزانہ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ بین الاقوامی مارکیٹ میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اتار چڑھا اور ایکسچینج ریٹ میں تبدیلی کے پیش نظر حکومت نے پٹرولیم مصنوعات پر جزوی طور پر لیوی نافذ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ حکومت نے فیصلہ کیا ہے پٹرولیم مصنوعات کی موجودہ قیمتوں میں شراکت داروں کے ساتھ کیے گئے فیصلے کے تحت تبدیلی کی جائے۔ یاد رہے کہ عالمی مالیاتی ادارے) آئی ایم ایف (کے دباؤ پر آکر وفاقی حکومت نے قومی اسمبلی سے وزیر مملکت برائے خزانہ عائشہ غوث پاشا نے آئندہ مالی سال میں مرحلہ وار بنیادوں پر پٹرولیم لیوی ٹیکس میں 50 روپے اضافے کی ایوان سے منظوری مانگی، ایوان نے پٹرولیم مصنوعات پر 50 روپے فی لیٹر لیوی عائد کرنے کی ترمیم منظور کر لی تھی۔ گزشتہ روز فنانس بل کی منظوری لی گئی تھی، جس کے مطابق یکم جولائی 2021 سے 30 جون 2022 کے دوران پٹرول لیوی 750 کی بجائے 855 ارب روپے جمع کرنے کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔ خیال رہے کہ پاکستان مسلم لیگ ن کی مخلوط حکومت نے اپریل میں اقتدار سنبھالا تو پہلے عالمی مالیاتی ادارے) آئی ایم ایف (کی طرف سے دباؤ کے باوجود پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ نہیں کیا گیا تھا، تاہم عالمی ادارے کی طرف سے قرض پروگرام بحال نہ کرنے کی دھمکی کے بعد وفاقی حکومت نے 26 مئی کو پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں 30 روپے فی لٹر اضافہ کیا تھا، جس کے بعد پٹرول 179 روپے 86 پیسے، ڈیزل 174 روپے 15 پیسے، مٹی کا تیل 155 روپے 56 روپے اور لائٹ ڈیزل 148 روپے 31 پیسے کا ہو گیا تھا۔ واضح رہے کہ 2 جون کو حکومت نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ایک مرتبہ پھر 30 روپے اضافہ کرنے کا اعلان کیا تھا۔ پٹرول کی قیمت 209 روپے 86 پیسے ہوگئی تھی، ڈیزل کی قیمت 204 روپے 15 پیسے ہوگئی تھی، لائٹ ڈیزل آئل کی قیمت بڑھا کر 178 روپے 31 پیسے فی لٹر، مٹی کا تیل 181 روپے 94 پیسے ہوگئی تھی۔ اسی طرح 15 جون کو مسلسل تیسری بار حکومت نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ کیا تھا۔ پٹرول کی فی لٹر قیمت میں 24 روپے 3 پیسے، ڈیزل کی قیمت میں 59 روپے، مٹی کے تیل کی قیمت 29.49 پیسے کا اضافہ کیا گیا جس کے بعد پٹرول کی قیمت 233 روپے 89 پیسے، ڈیزل کی قیمت 263 روپے 31 پیسے روپے ہوگئی تھی۔ مٹی کے تیل کی قیمت 211.43 روپے ہوگئی تھی۔

09 نومبر

سفیر تو یوف اون بیک آسان کو لووچ سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ ملاقات میں پاکستان اور جمہوریہ کرغزستان کے درمیان تعلقات کے مختلف پہلوؤں کا تفصیل سے جائزہ لیا گیا، کرغزستان کے سفیر نے کہا کہ ان کا ملک تجارت، سرمایہ کاری اور کاروبار کے ذریعہ پاکستان کے ساتھ تعلقات میں اضافہ میں گہری دلچسپی لے رہا ہے۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ پاکستان دوست ممالک کے ساتھ دوطرفہ تعلقات میں اضافہ کو بہت اہمیت دے رہا ہے۔ انہوں نے کرغز سفیر کو ملک میں سرمایہ کاری کے مواقع سے بھی آگاہ کیا۔ وزیر خزانہ نے کرغز سفیر کا شکریہ ادا کیا اور انہیں مختلف شعبوں میں تعلقات کو فروغ دینے میں مکمل تعاون اور حمایت کا یقین دلایا۔

10 نومبر

باعث صوبے کے تمام سرکاری اسپتالوں میں ایمرجنسی نافذ کر دی گئی۔ اس حوالے سے ڈی جی صحت سندھ کی جانب سے نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے۔ طبی عملے کی چھٹیاں 2 تا 5 جولائی منسوخ کر دی گئی، 2 تا 5 جولائی اضافی طبی عملے کو تعینات کیا جائے گا جبکہ ایمبولینس کی 24 گھنٹے فراہمی یقینی بنائی جائیں گی۔

11 نومبر

تھا جو آج پارٹی چھوڑ کر ن لیگ کے ساتھ کھڑے ہیں۔ ملتان میں زین محمود قریشی کی انتخابی مہم کے دوران شاہ محمود قریشی نے اپنی پارٹی تحریک انصاف سے شکووں کے انبار لگا دیئے تھے۔ انہوں نے الزام لگاتے ہوئے کہا 2018 کے الیکشن میں میرے خلاف میری اپنی پارٹی نے سازش کی، جبکہ میری پارٹی نے ہی مجھے پی پی 217 سے الیکشن ہرایا تھا، شاہ محمود قریشی کا کہنا تھا کہ انہوں نے عمران خان کو بھی کہا تھا کہ پنجاب کی یہ کیفیت نہ ہوتی، اگر میں یہاں سے ایم پی اے ہوتا، واضح رہے 2018 کے الیکشن میں آزاد حیثیت سے انتخابات میں حصہ لینے والے سلمان نعیم نے صوبائی اسمبلی نشست پر شاہ محمود قریشی کو 3 ہزار 578 ووٹوں سے شکست دی تھی اور بعدازاں حکومت سازی کے دوران انہوں نے عمران خان سے ملاقات کے بعد تحریک انصاف میں شمولیت کا اعلان کیا تھا، واضح رہے کہ پی پی 217 ملتان سے کامیاب امیدوار محمد سلمان کو نااہل بھی قرار دیا تھا، الیکشن کمیشن کے فیصلے میں کہا گیا تھا کہ نادرا ریکارڈ کے مطابق محمد سلمان کی عمر الیکشن کے وقت 25 سال سکیم تھی اور الیکشن لڑنے کا اہل نہیں تھا۔

12 نومبر

میں لوڈشیڈنگ کا دورانیہ 14 گھنٹے اور دیہی علاقوں میں لوڈشیڈنگ کا دورانیہ 18 گھنٹے سے تجاوز کر چکا ہے۔ مزید پڑھیں: ملک میں بجلی کا بحران سنگین، شارٹ فال 8 ہزار میگاواٹ سے زائد ہو گیا پاور ڈویژن ذرائع کا بتانا ہے کہ ملک میں پانی سے 5 ہزار 625 میگاواٹ، سرکاری تھرمل پلانٹس 1 ہزار 327 میگاواٹ، نجی شعبے کے بجلی گھروں کی مجموعی پیداوار 11 ہزار 500 میگاواٹ، ونڈ پاور پلانٹس 1 ہزار 235 اور سولر پلانٹس سے پیداوار 122 میگاواٹ بجلی تیار کی جارہی ہے۔

13 نومبر

ریسورس انسٹیٹیوٹ نے پرائز فار سیٹیز کے لیے 5 پراجیکٹس کو شارٹ لسٹ کیا۔ انہوں نے کہا کہ بی آر ٹی پشاور بھی اس فہرست میں شامل ہے۔ بیرسٹر سیف نے کہا کہ خیبر پختونخوا حکومت اور عوام کے لیے یہ بڑا اعزاز ہے، ٹرانسپورٹ سسٹم کے ساتھ دیگر سہولیات کی فراہمی پر پراجیکٹس کی یہ لسٹ بنتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جیسے زوبائیکل، معاشرے کے معذور افراد اور خواتین کے لیے سہولیات کی فراہمی۔ انہوں نے کہا کہ جس ادارے سے بی آر ٹی کو فائنلسٹ فہرست میں شامل کیا وہ کئی ممالک میں کام کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پرائز فار سسٹینیبل ایوارڈ کے لیے نامزدگی کے لیے 65 ملکوں کے 260 منصوبوں میں مقابلہ ہوا۔ انہوں نے کہا کہ 5 فائنلسٹ پراجیکٹس میں سے پہلے نمبر پر آنے والے منصوبے کا اعلان نومبر میں ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پہلے نمبر پر آنے والے پراجیکٹ کو ڈھائی لاکھ ڈالر، باقی کو 25 ,25 ہزار ڈالر ملیں گے۔ انہوں نے کہا کہ انشاءاللہ نومبر میں بی آر ٹی ہی فائنل پوزیشن حاصل کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ کورونا وبا کے بی آر ٹی نے عوام کو بہترین سہولت دی۔ بیرسٹر سیف نے کہا کہ اس وجہ سے 5 بہترین سہولیات کے حامل پراجیکٹس میں شامل کیا گیا۔ انہوں نے صوبائی حکومت، ٹرانس پشاور اور بی آر ٹی پشاور کی تمام ٹیم کو مبارکباد دی اور کہا کہ 86 کے قریب نئی بسیں منگوائی جارہی ہیں۔ نئے فیڈر روٹس بھی شروع کیے جارہے ہیں۔

14 نومبر

وزیراعلی روسکتا ہے، ہم اس کی وضاحت لینے سپریم کورٹ جارہے ہیں اور سپریم کورٹ سے اپیل ہے کہ وہ الیکشن پر حکم امتناع دے کیونکہ ہمارے 6 ممبرز اج انگی کے لیے سعودی عرب گئے ہوئے ہیں۔ حمزہ شہباز کو ہوتے ہوئے الیکشن کیسے غیر ہوسکتے ہیں، لاہور ہائیکورٹ کے فیصلے نے ثابت کیا کہ حمزہ شہباز غیر آئینی وزیراعلی تھے۔ اس سے قبل اسلام آباد ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سابق وزیراعظم عمران خان نے کہا کہ سندھ بلدیاتی الیکشن پر حکومت کے اپنے اتحادی انگلیاں اٹھا رہے ہیں، بلدیاتی الیکشن میں پولیس کو استعمال کیا گیا، پنجاب کے 20 حلقوں کے الیکشن میں مداخلت ہو رہی ہے، مجھے دو امیدواروں نے بتایا کہ انہیں فون آیا آپ نے تحریک انصاف کا ٹکٹ نہیں لینا، جس پارلیمنٹ میں راجہ ریاض اپوزیشن لیڈر ہو تو سمجھ لے اسمبلی کیا ہو گی؟ لاہور ہائی کورٹ فیصلے کے خلاف کل سپریم کورٹ جارہے ہیں۔ الیکشن کمیشن پر کسی کو اعتماد نہیں، جو اس سیٹ اپ کو مسلط کر رہا ہے اداروں کو نقصان پہنچا رہا ہے، ایک ہی راستہ ملک میں فری اینڈ فیئر الیکشن کرائے جائیں، زین قریشی پنجاب کے الیکشن سے مزید انتشار بڑھے گا، سندھ، پنجاب جیسا نہیں فری اینڈ فیئر الیکشن ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ رجیم چینج کے بعد میڈیا پر پریشر ڈالا گیا، پاکستان بننے کی بڑی وجہ لوگ آزادی چاہتے تھے، قائداعظم کی ساری جدوجہد آزادی حاصل کرنا تھی، پاکستان اس لیے نہیں بنا تھا کہ ایک غلامی سے نکل کر دوسری غلامی میں آجائیں، ہمارا کلمہ انسان کو آزاد کر دیتا ہے، طاقت ور کو این آر او دینے سے قوم تباہ ہو جاتی ہیں۔ غریب ممالک کا مسئلہ طاقتور کو سزا نہیں ملتی، ہر سال غریب ملکوں سے اربوں ڈالر چوری ہوتے ہیں، 7 ہزار ارب ڈالر غریب ملکوں کا آف شور کمپنیوں میں پڑا ہوا ہے، لبنان کے لوگ کرپشن کی وجہ سے 70 فیصد لوگ غربت کی لکیر سے نیچے چلے گئے، اللہ نے حکم دیا اپنی نبی ﷺ کی زندگی سے سیکھو، انگلینڈ میں پہلی دفعہ فلاحی ریاست دیکھی، بڑے، بڑے ڈاکوں کو 1100 ارب کی چھوٹ دیدی گئی ہے۔ پاکستان میں ساری سہولیات رولنگ کلاس کو حاصل ہے۔ عمران خان نے کہا کہ اگر اس طرح کے چوروں کو اقتدار میں بٹھانا ہے تو پاکستان کو کسی دشمن کی ضرورت نہیں، ہماری حکومت بھی آئی ایم ایف پروگرام میں تھی ہمارے اوپر بھی پریشر تھا، اگر ہم ہی ذمہ دار تھے تو اتنی محنت کر کے کیوں بنایا، چو